# ﴿اقرارنامہ کرایہ داری مکان﴾

**ناصر اقبال ولد محمد اقبال** ساکن رتہ امرال، دیہاتی، راولپنڈی (فریق اول کرایہ دار)

**میر زمان ولد محمد زمان** ساکن مکان نمبر 1، گلی نمبر 4، محلّہ شاہ چن چراغ، راولپنڈی (فریق دوئم مالک مکان)

یہ کہ فریق اول نے فریق دوئم سے اس کا ملکیتی مکان نمبر 554، گلی صادق والی، ٹینچ بھاٹہ، راولپنڈی ماہوار کرایہ پر درج ذیل شرائط کے تحت حاصل کیا ہے۔

**میعاد معاہدہ عرصہ ایک سال ازمورخہ 04-01-2016 تا 03-01-2017**

- ☆ یہ کہ مذکورہ مکان کا ماہانہ کرایہ مبلغ -/6,500 (چھ ہزار پانچ سو روپے) ماہوار مقرر رہوا ہے۔
- ☆ یہ کہ فریق اول نے مذکورہ بالا مکان کی بابت سیکورٹی کی مد میں رقم مبلغ -/6,500 (چھ ہزار پانچ سو روپے) قابل واپسی فریق دوئم کو ادا کر دی ہے جو بوقت خالی کرنے مکان بعداز منہائی جملہ واجبات (بجلی، پانی، گیس بل ودیگر توڑ پھوڑ وغیرہ) فریق دوئم فریق اول کو واپس کرنے کا پابند ہوگا۔
- ☆ یہ کہ مکان مذکورہ بالا آباد رہے یا غیر آباد فریق اول باقاعدگی سے ماہانہ کرایہ ہر ماہ کی 10 تاریخ تک ایڈوانس فریق دوئم مذکور کو نقد ادا کیا کرے گا۔
- ☆ یہ کہ فریق اول مکان مذکورہ بالا کو جزواً یا کلاً کسی دیگر شخص یا ادارے کو با کرایہ یا بلا کرایہ منتقل کرنے کا ہرگز مجاز نہ ہوگا۔
- ☆ یہ کہ فریق اول مکان مذکورہ بالا کو کسی ایسی نوعیت سے استعمال نہ کرے گا جس سے اس کی شکل وصورت میں کمی آئے یا عمارت کو کوئی نقصان پہنچے۔
- ☆ یہ کہ میعاد معاہدہ کے اختتام پر اقرارنامہ ہذا کی تجدید دونوں فریقین کی باہمی رضامندی سے کی جاسکتی ہے۔
- ☆ یہ کہ فریق اول مکان مذکورہ بالا میں کوئی غیر قانونی کام ہرگز نہ کرے گا۔
- ☆ یہ کہ فریق اول جب بھی مکان مذکورہ خالی کرے گا تو واجبات ہر قسم کی ادائیگی کا ذمہ دار ہوگا۔ نیز مکان مذکورہ کا قبضہ حوالہ فریق دوئم کرے کرنے کا پابند ہوگا۔ کسی دیگر شخص کو مکان مذکورہ کا قبضہ دینے کا ہرگز مجاز نہ ہوگا۔
- ☆ یہ کہ فریق اول مکان مذکورہ میں کسی قسم کی تعمیراتی تبدیلی فریق دوئم کی رضامندی کے بغیر نہ کرے گا۔
- ☆ یہ کہ دورن کرایہ داری بجلی، پانی اور گیس کے بل ہائے باقاعدگی سے ہر ماہ ادا کرنے کا پابند ہوگا اور جمع شدہ بل ہائے کی رسیدات فریق دوئم کے حوالے کرنے کا پابند ہوگا۔
- ☆ یہ کہ دوران کرایہ داری، اگر فریق دوئم مکان مذکورہ خالی کروانا چاہے تو وہ فریق اول کو ایک ماہ کا پیشگی تحریری نوٹس دینے کا پابند ہوگا نوٹس ملنے پر فریق اول مکان مذکورہ خالی کرنے کا پابند ہوگا اور کوئی حکم امتناعی وغیرہ کسی عدالت سے حاصل نہ کرے گا۔ اسی طرح اگر فریق اول مکان مذکورہ خالی کرنا چاہے تو وہ فریق دوئم کو ایک ماہ کا پیشگی تحریری نوٹس دینے کا پابند ہوگا۔
- ☆ مندرجہ بالا شرائط کا فریقین بہرصورت پابند رہیں گے نیز معاہدہ ہذا کے ہر دو فریقین کے وارثان بازگشتگان، قائمقامان بھی پابند و ذمہ دار ہوں گے۔

لہذا اقرارنامہ ہذا فریقین نے باہمی رضامندی وبقائمی ہوش وحواس خمسہ وبلا جبر وکراہ دیگرے وبلا ترغیب وترہیب دیگرے وبرضا ورغبت خود سنداً لکھ دیا ہے اور ہر دو فریقین نے اقرارنامہ ہذا بغور پڑھ، سن وسمجھ کر قبولیت کے ثبوت میں اپنے اپنے دستخط روبرو گواہان ذیل ثبت کیے ہیں۔ المرقوم 05-01-2016

فریق اول (کرایہ دار)۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

**ناصر اقبال ولد محمد اقبال**

شناختی کارڈ نمبر 37405-12121212-1

فریق دوئم (مالک مکان)۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

**میر زمان ولد محمد زمان**

شناختی کارڈ نمبر 37405-12121212-1

**گواہ نمبر 1**۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

**گواہ نمبر 2**۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔